

سائنس 3









پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ - لاہور

مصنفین

1 - محمد اسلم ڈھڈی
2 - ملک محمد حسین
3 - عبدالغفور علوی
4 - محمد شکور

منصوبہ جات:

پرائمری ایجوکیشن پروجیکٹ III
منصوبہ اصلاح نصاب برائے
پرائمری تعلیم

مشترکہ کاوش:

- پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور
- ایڈیشنل ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن ایلیمنٹری ایجوکیشن پنجاب
- مرکز تحقیق و ترقی نصاب پنجاب لاہور

مدیران

1. مس گل یاسمین قمر
2. مسز رخسانہ ظفر

مدیرِ اعلیٰ: جاوید اقبال


ناظم فنی: پروفیسر شبیر احمد

معاون ماہر مضمون: سرفراز احمد قیانہ

ناشر ڈار برادرز، لاہور


پرنٹرز عثمان مجید پرنٹرز، اردو بازار، لاہور

جانور اور خُوراک



اوپر دی گئی تصاویر کو دیکھیں اور
جانوروں کو ان کی خوراک سے ملائیں۔

گاجر	گھوڑا
گھاس	مگرمچھ
دانہ	خرگوش
مچھلی	مرغا



تصویر میں درست جواب پر کا نشان لگائیں۔

1- بچے کیا کر رہے ہیں ؟

چائے پی رہے ہیں	پانی پی رہے ہیں	چاول کھا رہے ہیں	روٹی کھا رہے ہیں


2- آپ اور کیا کچھ کھاتے ہیں ؟


پھل	سبزی	گوشت	پتھر	لکڑی


3- کیا جانور خوراک کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں ؟

ہاں	نہیں











تمام جانور خوراک کھاتے ہیں ۔ بعض جانور گھاس پُھوس اور پودوں کے مختلف حصّے کھاتے ہیں ۔ بعض جانور گوشت بھی کھاتے ہیں ۔ تمام جانوروں کو خوراک کی ضرورت ہوتی ہے ۔ خوراک کے بغیر جانور زندہ نہیں رہ سکتے ۔

تمام جانور خوراک کھاتے ہیں

جانور اور پانی



ان تصاویر میں درست جواب پر کا نشان لگائیں۔



1- لڑکی کیا کر رہی ہے ؟

پانی پی رہی ہے	روٹی کھا رہی ہے

2- دوسرے جانور کیا کر رہے ہیں ؟

پانی پی رہے ہیں	گھاس کھا رہے ہیں

3- کیا آپ بھی پانی پیتے ہیں ؟

ہاں	نہیں


4- کیا جانور پانی کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں ؟


ہاں	نہیں

جانوروں کو پانی پینے کی ضرورت ہوتی ہے جانور پانی کے بغیر زیادہ عرصہ زندہ نہیں رہ سکتے ۔

جانور اور ہوا







تھوڑی دیر کے لیے اپنا سانس بند کریں ۔ آپ کیا محسوس کرتے ہیں ۔

کیا ہم ہوا کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں ؟


ہاں	نہیں

جانوروں کے لیے ہوا بہت ضروری ہے ۔

خوراک پانی اور ہوا کے بغیر جانور زندہ نہیں رہ سکتے

جانوروں کو زندہ رہنے کے لیے ہوا ، پانی اور خوراک کی ضرورت ہوتی ہے ۔

جانوروں کی کھال ، بال اور پر



ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور درست جواب کا نشان لگائیں۔



1- گھاس پر کونسا جانور بیٹھا ہے ؟

گھاس کا ٹڈا	بکری

2- ٹڈے کا رنگ کس چیز جیسا ہے ؟

گھاس	درخت

3- کیا گھاس کا ٹڈا گھاس میں آسانی سے نظر آ جاتا ہے ؟

ہاں	نہیں

4- تتلیاں کس قسم کے ماحول میں رہتی ہیں ؟

خشک	پھولوں میں

5- کیا ان کے پروں کا رنگ پھولوں جیسا ہوتا ہے ؟

ہاں	نہیں

بہت سے جانوروں کی کھال ، بال اور پر ان کے ماحول کے مطابق ہوتے ہیں ۔





درست جواب پر   کا نشان لگائیں۔

1- پہاڑی جانوروں کے بال لمبے کیوں ہوتے ہیں ؟ | سردی سے بچنے کے لیے | خوبصورتی کے لیے |


2- میدانی جانوروں کے بال لمبے کیوں نہیں ہوتے ؟ | گرمی سے بچاؤ | سردی سے بچاؤ |

3- مختلف قسم کے چھوٹے بڑے جانوروں کی تصاویر اکٹھی کر کے لائیں۔ ان تصاویر کا غور سے مشاہدہ کریں اور درج ذیل خاکہ مکمل کریں۔

نمبر شمار	جانور کا نام	کس ماحول میں رہتا ہے	کھال ، بال اور پروں کا رنگ	ماحول سے مطابقت کا فائدہ
1	سانپ	درخت کی ٹہنی پر	ٹمیالا	درخت کی ٹہنی پر بیٹھا دشمن سے محفوظ
2				
3				
4				

ماحول کے مطابق کھال ، بال اور پر ہونے سے
بعض جانور اپنے دشمنوں سے بچ جاتے ہیں ۔
بعض جانوروں کو شکار کرنے میں مدد ملتی ہے
اور بعض جانور موسم کی شدت سے بچ جاتے
ہیں ۔

پرندے



اس تصویر کو غور سے دیکھیں اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1- جانور کی کتنی ٹانگیں ہیں ؟

2- کتنے بازو ہیں ؟

3- کیا اس کی چونچ بھی ہے ؟

4- اس کے جسم پر اور کیا چیز ہے ؟

5- اس کے پروں کا رنگ کیسا ہے ؟

ایک	دو
ایک	دو
ہاں	نہیں
پر	چھلکے
لال	نیلا

6- دی گئی تصویر میں تیروں پر جسم کے مناسب حصوں کے نام لکھیں
چونچ، آنکھ، پر، ٹانگ، بازو









1- اِن پرندوں کے مختلف حصوں کے نام بتائیں ؟

2- کیا تمام پرندوں کے پروں کے رنگ ایک جیسے ہوتے ہیں ؟


ہاں	نہیں

3- پالتو پرندوں کی ایک فہرست تیار کیجیے -

4- آپ کے علاقہ میں جو پرندے پائے جاتے ہیں - اِنکی ایک فہرست تیار کیجیے -

تمام پرندوں کے پَر ہوتے ہیں - اُن کے دو بازُو ، دو ٹانگیں اور ایک چونچ ہوتی ہے -

کبوتر کے جسم کا پنجر



تمام پرندوں کے جسم میں ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ ہوتا ہے جسے پنجر کہتے ہیں ۔ پنجر میں ریڑھ کی ہڈی ، پسلیاں ، ٹانگوں اور بازوؤں کی ہڈیاں اور کھوپڑی ہوتی ہے ۔

1- یہ کِس جانور کا پنجر ہے ؟

کبوتر	بِلّی	چوہا

2- جن حصوں پر تیر کا نشان لگایا گیا ہے ان کے نام مندرجہ ذیل الفاظ سے منتخب کر کے لکھیں۔

کھوپڑی، ٹانگ کی ہڈی، بازو کی ہڈی، ریڑھ کی ہڈی، پسلی


مرغی کا سادہ پنجر


تیر کے نشان والے حصوں کے نام لکھیں



تمام پرندوں کے جسم میں ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ ہوتا ہے جسے پنجر کہتے ہیں ۔

ممالیا جانور







درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1- کیا ان جانوروں کے جسم پر بال ہیں ؟


ہاں	نہیں

2- یہ جانور انڈے دیتے ہیں یا بچّے ؟

انڈے	بچے

یہ ممالیا جانور ہیں ۔ ان کے جسم پر بال ہوتے ہیں ۔ مادہ بچے دیتی ہے اور اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہے ۔






1- یہ جانور کس طرح ایک جیسے ہیں ؟
2- یہ جانور ایک دُوسرے سے کس طرح مختلف ہیں ؟
3- مختلف قسم کے ممالیا جانوروں کا مشاہدہ کریں اور درج ذیل خاکہ مکمل کریں ۔

نمبر شمار	جانور کا نام	رنگ	خوراک	کیا جسم پر بال ہیں	مادہ بچے دیتی ہے یا انڈے
1	شیر	بھورا	گوشت	ہاں	بچے
2	ہاتھی				
3	گائے				
4	خرگوش				
5	چوہا				
6	بلی				

4- آپ کے علاقہ میں جو ممالیا جانور پائے جاتے ہیں ان میں سے سینگوں والے جانوروں کی ایک فہرست تیار کیجیے ۔




درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔


1- کیا ممالیا جانوروں کے جسم میں ہڈیاں ہوتی ہیں ؟

نہیں	ہاں

2- یہ کس جانور کا پنجر ہے ؟

کبوتر	خرگوش





3- یہ کن جانوروں کے پنجر ہیں ؟ ✓ کا نشان لگائیں

بلّی	کبوتر	بکری

4- تیر کے نشان کے سامنے جانور کے ان حصوں کے نام لکھیں ۔

ریڑھ کی ہڈی   کھوپڑی   پسلیاں   ٹانگ کی ہڈی

ممالیا جانوروں کے جسم میں ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ ہوتا ہے ۔ جسے پنجر کہتے ہیں ۔ پنجر میں ریڑھ کی ہڈی ، پسلیاں ، ٹانگوں کی ہڈیاں اور کھوپڑی ہوتی ہے ۔

حشرات







یہ چند جانور ہیں جو آپ کے استاد صاحب مطالعہ کے لیے کمرۂ جماعت میں لائے ہیں ۔ اِن جانوروں کو حشرات کہتے ہیں ۔ بغور مشاہدہ کریں ۔

1- کیا اِن کے جسم میں ہڈی ہے ؟


ہاں	نہیں


2- ہر جانور کی کتنی ٹانگیں ہیں ؟


چار	چھ	دو

3- ہر جانور کے کتنے حاسے ہیں ؟

ایک	دو








1- حشرات کے جسم کے تین حصّے ہوتے ہیں ؟

سر، دھڑ اور پیٹ

2- اِن جانوروں کے مختلف حصّوں کے نام لکھیں ؟





درست جواب پر دائرے کے اندر ✓ کا نشان لگائیں

1- یہ حشرات کس طرح ایک جیسے ہیں ؟

○ ان کی چھے ٹانگیں ہیں-

○ ان کی جسامت ایک جیسی ہے-

○ ان کے رنگ ایک جیسے ہیں-

○ جسم کے حصے ایک جیسے ہیں-

2- یہ کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں ؟

○ رنگ مختلف ہیں

○ ٹانگوں کی تعداد مختلف ہے

3- مختلف قسم کے کیڑے مکوڑے اور دوسرے چھوٹے جانور اکٹھے کر کے لائیں ۔ ان کا اچھی طرح مشاہدہ کریں اور ان میں سے حشرات الگ کریں ۔

4- آپ نے جو حشرات اکٹھے کیے ہیں ان کی مدد سے درج ذیل خاکہ مکمل کریں ۔

نمبر شمار	حشرات کا نام	ٹانگیں کتنی ہیں	حاسے کتنے ہیں	پر کتنے ہیں	کیا سر ، دھڑ اور پیٹ ہے
1					
2					
3					
4					
5					

حشرات کی چھے ٹانگیں اور سر پر دو حاسے ہوتے ہیں

حشرات کے جسم کے تین حصّے ہوتے ہیں -

سر ، دھڑ اور پیٹ

پودے

جڑ ، تنا اور پتّے







یہ چند پودے ہیں جو آپ کے استاد صاحب مطالعہ کے لیے کمرۂ جماعت میں لائے ہیں ۔ ان کے تمام حصوں کا بغور مشاہدہ کریں اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- کیا اِن سب پودوں کی جڑیں ہیں ؟

ہاں	نہیں

2- کیا اِن سب پودوں کے تنے ہیں ؟

ہاں	نہیں

3- کیا اِن کے پتّے بھی ہیں ؟

ہاں	نہیں

مختلف اقسام کے پودے اکٹھے کرکے لائیں اور ان کے مختلف حصّوں کا مشاہدہ کریں۔
اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں

1- کیا پودوں کی جڑیں سطحِ زمین کے نیچے ہیں ؟


ہاں	نہیں

2- تنا اور پتے کہاں ہیں ؟

زمین کے نیچے	زمین کے اوپر

3- پودے کے کتنے حصّے ہیں ؟

1	2	3





4- اُوپر دی گئی تصاویر میں پودے کے مختلف حصّوں کے نام لکھیں۔

اکثر پودوں کی جڑیں ، تنے اور پتّے ہوتے ہیں ۔ جڑیں سطحِ زمین کے نیچے ، تنے اور پتّے سطحِ زمین کے اوپر ہوتے ہیں ۔

پودے اور خوراک

تجربہ :

دو ایک جیسے گملے ا، ب لیں۔ ایک میں صاف کنکر اور دوسرے میں کھاد والی مٹی ڈالیں۔ دونوں گملوں میں ایک ہی طرح کے دو پودے لگا دیں ۔ ان کو کھلی ہوا میں رکھیں ۔ جہاں سورج کی روشنی پڑ رہی ہو۔ دونوں پودوں کو پانی دیتے رہیں ۔ چند دنوں کے بعد دونوں پودوں کا مشاہدہ کریں ۔

1- کونسا پودا ہرا بھرا ہے ؟

ا	ب

2- کس پودے کے پتے مرجھا کر سوکھ گئے ہیں ؟

ا	ب

3- کونسا پودا قد میں بڑھ گیا ہے ۔

ا	ب





پودوں کو بڑھنے اور زندہ رہنے کے لیے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے

پودے اور پانی

تجربہ :

دو گملے ا، ب لیں اور ان میں کھاد والی مٹی ڈالیں۔ دونوں گملوں میں دو ایک جیسے پودے لگادیں۔ ان کو کھلی ہوا میں کسی روشن جگہ پر رکھیں ۔ پہلے گملے (ا) کو ہر روز پانی دیتے رہیں جبکہ دوسرے گملے (ب) کو پانی نہ دیں ۔ چند روز بعد دونوں پودوں کا مشاہدہ کریں ۔ اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- کیا اب بھی دونوں پودے ایک جیسے ہیں؟

ہاں	نہیں

2- دونوں پودے کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں ؟ ------------------

3- اس تجربہ سے کیا نتیجہ حاصل ہوتا ہے ؟ ------------------

4- کیا پودے پانی کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں ؟

ہاں	نہیں





پودوں کو زندہ رہنے اور بڑھنے کے لیے پانی کی ضرورت ہے ۔

پودے اور روشنی

تجربہ :

دو گملے ا، ب لیں۔ دونوں میں کھاد والی مٹی ڈال کر دو ایک جیسے پودے لگا دیں۔ دونوں گملوں کو کھلی ہوا میں کسی روشن جگہ پر رکھ دیں ۔ ایک گملے کے اوپر ایک خالی ٹین اُلٹا کر کے رکھ دیں ۔ اس پودے تک ہوا تو جاتی ہے کیا اسے روشنی بھی مِل رہی ہے ؟ دونوں گملوں کو ہر روز پانی دیں ۔ ٹین والے گملے کو ٹین اٹھا کر پانی دیں ۔ کچھ عرصہ بعد پودوں کو غور سے دیکھیں ۔ **اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔**

1- کونسا پودا ہرا بھرا ہے اور بڑا ہو گیا ہے ؟


2- کِس پودے کے پتے مرجھائے ہوئے ہیں ؟

ا	ب
ا	ب

یہی تجربہ ایک گملے کو کسی اندھیرے کمرے میں یا الماری میں رکھ کر دہرائیں ۔ اس سے آپ کیا نتیجہ حاصل کرتے ہیں ؟ --

3- کیا پودوں کے لیے روشنی کا ہونا ضروری ہے ؟

ہاں	نہیں





پودوں کو بڑھنے اور زندہ رہنے کے لیے روشنی کی ضرورت ہے ۔

پودے اور ہوا

تجربہ :

دو گملے 'ا' اور 'ب' لیں۔ دونوں میں کھاد والی مٹی ڈالیں اور دونوں میں ایک جیسا ایک ایک پودا لگا دیں۔ دونوں گملوں کو کھلی ہوا میں ایسی جگہ پر رکھ دیں جہاں روشنی پڑ رہی ہو۔ ایک گملے کے اوپر شفاف پلاسٹک کا تھیلا چڑھا دیں۔ اس گملے تک روشنی تو جاتی ہے۔ کیا اسے تازہ ہوا مل رہی ہے؟ دونوں گملوں کو پانی دیتے رہیں۔ پلاسٹک کے تھیلے والے گملے کو نیچے تھالی رکھ کر پانی دیں۔ چند دنوں کے بعد دونوں پودوں کا مشاہدہ کریں۔

1- کس گملے میں پودا سرسبز اور تروتازہ ہے؟

2- سوکھا ہوا اور مرجھایا ہوا پودا کس گملے میں ہے؟

ب	ا
ب	ا

3- آپ اس تجربہ سے کیا نتیجہ حاصل کرتے ہیں ؟

4- کیا ہوا کے بغیر پودے زندہ رہ سکتے ہیں ؟


نہیں	ہاں





پودوں کو بڑھنے اور زندہ رہنے کے لیے ہوا کی ضرورت ہے ۔

پُھولوں سے پھل اور بیج بنتے ہیں



سب سے پہلے پودے کے تنے پر ایک کلی بنتی ہے ۔ یہ کلی بڑھ کر پُھول بن جاتی ہے ۔ چند روز بعد پُھول کی باہر کی پتیاں گر جاتی ہیں ۔ اور اس کی جگہ ایک ننھا پھل بن جاتا ہے ۔ جو آہستہ آہستہ بڑھنے لگتا ہے ۔ اس کی شکل اور رنگ بھی بدلنے لگتے ہیں ۔ آخر کار وہ پک کر بڑا پھل بن جاتا ہے ۔ اور پکے ہوئے پھل سے بیج حاصل ہوتے ہیں ۔


1- پھل کس سے پیدا ہوتے ہیں ؟

پتا	پھول

2- بیج کہاں بنتے ہیں ؟




پھل میں	پھول میں

(پھُول سے پھل بننے کے تدریجی مراحل)





آم کا پھُول اور پھل

بینگن کا پھُول اور پھل





مٹر کا پھول اور پھل

مندرجہ ذیل جملے مکمل کریں۔

1 ۔ پھول پک کر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بن جاتے ہیں۔

2 ۔ بیج ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کے اندر بنتے ہیں۔

پھُول پک کر پھل بن جاتے ہیں ۔

پھلوں کے اندر بیج بنتے ہیں۔

فصلیں



یہ ہمارے ملک کی چند فصلیں ہیں ۔ اِن فصلوں کے پودے آپ کے استاد صاحب مطالعہ کے لیے کمرۂ جماعت میں لائے ہیں ۔ اُن کا مشاہدہ کریں ۔ اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- مکئی، گنا اور کپاس کی فصلیں کس موسم میں ہوتی ہیں ؟

سردی	گرمی


2- چند دوسری فصلوں کے نام لکھیں !

3- گندم، سرسوں اور چنے کی فصلیں کِس موسم میں ہوتی ہیں ؟

سردی	گرمی







4- کیا تمام فصلیں ایک ہی موسم میں ہوتی ہیں ؟


ہاں	نہیں

5- مختلف فصلوں کے پودے اکٹھے کر کے لائیں ان کا مشاہدہ کریں اور درج ذیل خاکہ مکمل کریں ۔

نمبر شمار	فصل کا نام	کس موسم میں بوئی جاتی ہے	کس موسم میں کاٹی جاتی ہے ۔
1	چنا	سردیوں میں	بہار/گرمیوں میں
2			
3			
4			
5			

مختلف موسموں میں مختلف فصلیں بوئی جاتی ہیں ۔

سبزیاں اور پھل



آپ کے استاد صاحب چند سبزیاں اور پھل آپ کے مطالعہ کے لیے کمرۂ جماعت میں لائے ہیں ۔
ان کا مشاہدہ کریں اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- یہ پھل کس موسم میں ہوتے ہیں ۔

گرمی	سردی

2- یہ سبزیاں کس موسم میں ہوتی ہیں ۔

گرمی	سردی

3- چند دوسرے پھلوں اور سبزیوں کے نام بتائیں ۔ - - - - - - - - - - - - - - -

4- کیا تمام پھل اور سبزیاں ایک ہی موسم میں ہوتے ہیں ؟


ہاں	نہیں


5- سردیوں کے مختلف پھلوں اور سبزیوں کی ایک فہرست تیار کریں ۔ - - - - - - - -

6- گرمیوں کے موسم کی سبزیوں اور پھلوں کی فہرست تیار کریں ________________

مختلف موسموں میں مختلف سبزیاں اور پھل پیدا ہوتے ہیں

مادّہ کے خواص










اوپر دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور مناسب نشان لگائیں ۔


1- جن چیزوں نے کم جگہ گھیری ہے ان پر "✓" کا نشان لگائیں ۔

2- جو چیزیں زیادہ بھاری ہیں ان پر "✗" کا نشان لگائیں ۔

ہمارے ارد گرد بے شمار چیزیں ہیں جو جگہ گھیرتی ہیں اور وزن رکھتی ہیں انہیں مادی چیزیں (مادہ) کہتے ہیں ۔













دی ہوئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور مناسب خانے میں " ✓ " کا نشان لگائیں ۔

چیز کا نام	مادہ ہیں	مادہ نہیں ہیں	چیز کا نام	مادہ ہیں	مادہ نہیں ہیں
سورج	✓		جرسی		
سورج کی گرمی		✓	سردی		
آدمی			پھول		
آواز			خوشبو		
موم بتی			روشنی		
موم بتی شعلہ			ٹارچ		

جو چیزیں نہ جگہ گھیرتی ہوں اور نہ وزن رکھتی ہوں انہیں غیر مادی چیزیں (غیر مادہ) کہتے ہیں۔





اوپر دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور خالی جگہوں پر مناسب الفاظ لکھیں ۔

1- کیا پہاڑ سخت ہوتے ہیں ؟

ہاں	نہیں

2- کیا بارش کے قطرے ہوا جیسے ہیں ؟

ہاں	نہیں

3- کشتی کس پر تیرتی ہے ؟

پانی	ہوا	زمین

4- ہنڈیا کس پر پکاتے ہیں ؟

آگ	پانی

5- برف کیسی ہوتی ہے ؟

مائع	ٹھوس	گیس

6- ہنڈیا سے کیا نکل رہا ہے ؟

بھاپ	پانی

7- درخت ایک طرف کیوں جھکے ہوئے ہیں ؟

ہوا سے	دھوپ سے	پانی سے

مادہ تین حالتوں میں ہوتا ہے ۔ ٹھوس ، مائع اور گیس


1- سخت چیزوں کو ٹھوس کہتے ہیں (پتھر ، گاڑی وغیرہ)

2- بہنے والی چیزوں کو مائع کہتے ہیں (پانی ، تیل وغیرہ)

3- ہوا یا ہوا جیسی چیزوں کو گیس کہتے ہیں (ہوا ، بھاپ)

پانی کی حالتیں







اوپر دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور ٹھوس ، مائع یا گیس میں سے مناسب لفظ سے جملے مکمل کریں۔

1- گلاس............ چیز ہے۔

2- بھاپ ایک .... ہے ۔

3- پانی ایک .... ہے ۔

4- برف مادہ کی .... حالت ہے ۔

5- اُبلتا ہوا پانی .... سے گیس میں تبدیل ہو جاتا ہے ۔

6- بھاپ کو ٹھنڈا کریں تو وہ .... بن جاتی ہے ۔

7- برف پگھل کر ..... بن جاتی ہے۔

8- مائع گرم کرنے سے .... بنتا ہے ۔

پانی مادہ کی تینوں حالتوں یعنی ٹھوس ، مائع اور گیس میں پایا جاتا ہے ۔ ٹھوس حالت میں برف ، مائع حالت میں پانی اور گیس حالت میں بھاپ ہے ۔ پانی ان تینوں حالتوں میں آسانی سے تبدیل ہو جاتا ہے ۔

پانی کے ذرائع اور استعمال







اوپر دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور سوالات کے جواب لکھیں۔

1- جانور پانی کہاں سے پی رہے ہیں ؟ - - - - - - - - - - -


2- دریا میں پانی کہاں سے آتا ہے ؟ - - - - - - - - - - - - -


3- بارش سے ہمیں کیا ملتا ہے۔؟ - - - - - - - - - - - -

4- پانی ہمیں کہاں کہاں ملتا ہے۔؟ - - - - - - - - - - - - - - -

ہم پانی کو عام طور پر بارش ، دریا ، ہینڈ پمپ ، کنویں ، ٹیوب ویل اور ٹینکی وغیرہ سے حاصل کرتے ہیں ۔









دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور سوالات کے جواب لکھیں۔

1- کھیتوں کو پانی کس طرح دیا جا رہا ہے؟- - - - - - - - - - -

2- بحری جہاز کس پر چلتے ہیں۔؟ - - - - - - - - - - - - - -

3- کیا نہانے میں پانی استعمال ہوتا ہے۔؟ - - - - - - - - - -

4- کیا پانی کھانا پکانے میں استعمال ہوتا ہے۔؟ - - - - - - - - - - - -

پانی انسانوں، جانوروں اور فصلوں کے لیے بہت ضروری ہے۔

پانی پر کشتیاں اور بحری جہاز چلتے ہیں۔

قوت کے ذرائع









ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور دیے ہوئے الفاظ میں سے خالی جگہوں کے لیے مناسب لفظ کا انتخاب کریں ۔ (ہوا ، پانی ، انسان ، حیوان ، انجن)

1- ہاتھ گاڑی .... کی قوت سے چل رہی ہے ۔

2- ٹریکٹر .... کی قوت سے چل رہا ہے ۔



3- .... کی قوت سے پتنگ اڑتی ہے ۔

4- موٹی موٹی لکڑیاں .... کی قوت سے بہہ رہی ہیں ۔



5- .... کی قوت کولھو کو چلاتی ہے ۔

چلتی ہوئی ہوا کی قوت، چلتے ہوئے پانی کی قوت، انسانوں کے پٹھوں کی قوت حیوانوں کے پٹھوں کی قوت، انجن / مشین کی قوت سے چیزوں کو حرکت دی جا سکتی ہے۔

قوت اور حرکت





1- اوپر دی گئی تصاویر کو غور سے دیکھیں اور نشانات لگائیں ۔

(i) کس تصویر میں قوت کم لگ رہی ہے ✓ کا نشان لگائیں۔

(ii) کس تصویر میں قوت زیادہ لگ رہی ہے ✗ کا نشان لگائیں

(iii) زیادہ وزن والی تصویر پر " ✓✓ " کا نشان لگائیں ۔

2۔ مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کریں ۔


(i) زیادہ قوت لگانے سے .... حرکت ہوتی ہے ۔ (سست ۔ تیز)

(ii) زیادہ وزنی چیز کو حرکت دینے کے لیے .... قوت درکار ہوگی ۔ (کم ۔ زیادہ)


(iii) قوت لگانے سے .... جسم تیز حرکت کرے گا ۔ (ہلکا ۔ بھاری)

زیادہ وزنی جسم کو حرکت دینے کے لیے زیادہ قوت درکار ہوگی ۔
زیادہ قوت لگانے سے جسم تیز حرکت کرتا ہے ۔
قوت لگانے سے ہلکے جسم تیز اور بھاری جسم سست حرکت
کرتے ہیں ۔

زمین چیزوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے







ان تصویروں کو غور سے دیکھیں اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- گڑیا کس طرف جائے گی	اوپر	نیچے
2- پتھر کہاں گرے گا	زمین پر	آسمان پر
3- پھل کس طرف جائے گا	نیچے کی طرف	اوپر کی طرف



زمین پر	آسمان پر

4- پتنگ کہاں آئے گی

آسمان کی طرف	زمین کی طرف


5- گرتی ہوئی چیزیں کس طرف کو حرکت کرتی ہیں


نہیں	ہاں


6- کیا چیزوں کو زمین اپنی طرف کھینچتی ہے

تمام چیزوں کو زمین اپنی طرف کھینچتی ہے

حرکت کے قوانین







ان تصویروں کو غور سے دیکھیں اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1- کیا کرسی خود بخود حرکت کر سکتی ہے ؟

ہاں	نہیں

2- کیا میز پر رکھی کتاب خود بخود حرکت کر سکتی ہے ؟

ہاں	نہیں

3- کیا بستے خود بخود حرکت کر سکتے ہیں ؟

ہاں	نہیں

4- کیا پھل خود بخود حرکت کرتے ہیں۔

ہاں	نہیں

5- کیا کسی جگہ پر پڑی ہوئی چیزیں خود بخود حرکت کر سکتی ہیں

ہاں	نہیں

6- کیا قوّت لگا کر بستوں کو حرکت دی جا سکتی ہے

ہاں	نہیں

7- کیا ساکن چیزوں کو قوت کی مدد سے حرکت دی جا سکتی ہے

ہاں	نہیں

8- خود بخود حرکت نہ کرنے والی چند چیزوں کے نام لکھیں۔

ہاں	نہیں

ہر ساکن چیز ہمیشہ ساکن رہتی ہے۔ ہر ساکن چیز ساکن رہنا چاہتی ہے۔ قوّت کے ذریعے ساکن چیزوں کو حرکت دی جا سکتی ہے۔









1- ان تصویروں میں حرکت کرنے والی چیزوں کے نام لکھیں۔ - - - - - - - - - - - -

درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

2- کیا فٹ بال خود بخود رُک جائے گا۔

ہاں	نہیں

3- کیا گیند خود بخود رُک جائے گا۔

ہاں	نہیں

4- کیا کھلونا خود بخود رک جائے گا۔

ہاں	نہیں

5- سائیکل سوار کو کیسے روکیں گے۔ - - - - - - - - - - - - - - -

6- کیا حرکت کرتی ہوئی چیزوں کو روکنے کے لیے، قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہاں	نہیں

7- کیا حرکت کرنے والی چیز حرکت کرنا چاہتی ہے۔

ہاں	نہیں

ہر حرکت کرنے والی چیز حرکت کرنا چاہتی ہے۔ ہر حرکت کرنے والی چیز حرکت کرتی رہتی ہے۔ قوّت کی مدد سے حرکت کرنے والی چیز کی حرکت کو روکا جا سکتا ہے

رگڑ کی قوّت







1- ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

i- کیا گیند زمین پر حرکت کرتی رہے گی۔

ہاں	نہیں

ii- دھکے کا کتاب پر کیا اثر ہوگا

کتاب چلتی رہے گی	کتاب تھوڑا چل کر رک جائے گی

iii- کیا قرص کیرم بورڈ پر حرکت کرتے رہیں گے

ہاں	نہیں

iv- چلتی ہوئی چیزیں کیوں رک جاتی ہے


رگڑ کی وجہ سے	قوت کی وجہ سے


v- کتاب اور میز کے درمیان کس قسم کی قوت موجود ہے

رگڑ کی قوت	ہوا کی قوت

رگڑ حرکت کرتی ہوئی چیزوں کو آہستہ آہستہ روک دیتی ہے۔

روشنی اور حرارت





1- رات کے وقت چیزیں صاف طور پر نظر آتی ہیں یا دن کے وقت ؟ ------------

2- آپ اندھیرے میں پڑھتے ہیں یا روشنی میں ؟-------------------------

3- کیا آپ اندھیرے میں پڑھ سکتے ہیں ؟------------------------

4- سردیوں میں آپ دھوپ میں بیٹھنا پسند کرتے ہیں یا سائے میں ؟ -----------

5- رات کے وقت آپ سکول کا کام روشنی میں کرتے ہیں یا اندھیرے میں؟-----------

6- کیا رات کے وقت روشنی کی ضرورت ہوتی ہے؟ -----------



گملے میں لگا ہوا ایک پودا لیں - اس کو دھوپ میں رکھ دیں -

اس کے ایک حصے کو سیاہ کاغذ سے اس طرح ڈھانپ دیں- کہ اس پر روشنی نہ پڑے پودے کو پانی دیتے رہیں -

کچھ دنوں کے بعد سیاہ کاغذ اُتار دیں اور دیکھیں کہ یہ حصہ پودے کے دوسرے حصوں سے کس طرح مختلف ہے ؟

مرجھا گیا ہے	ترو تازہ ہے

1- کیا سیاہ کاغذ والے حصے کو روشنی مل رہی تھی ؟

ہاں	نہیں

2- پودے کا کونسا حصہ زیادہ ترو تازہ ہے ؟

ڈھکا ہوا	کھلا

3- کیا پودے روشنی میں زیادہ اچھی طرح پھلتے پھولتے ہیں ؟

ہاں	نہیں

4- دو ایک جیسے پودے علیحدہ علیحدہ گملوں میں لگائیں - اُن میں سے ایک کو باہر روشنی میں اور دوسرے کو کمرے کے اندر اندھیرے میں رکھ دیں - دونوں کو پانی دیتے رہیں - کچھ دنوں کے بعد دونوں پودوں کا مشاہدہ کرکے لکھیں کہ ان میں کیا فرق ہے ؟---------

----

پودے کو کمرے میں زیادہ روشنی ملتی ہے یا باہر ؟ -----------

پودے کو کمرے میں زیادہ حرارت ملتی ہے یا باہر ؟ ---------------------------

کیا نباتات کی نشوونما کے لیے روشنی کی ضرورت ہے ؟

ہاں	نہیں

نباتات کی نشوونما کے لیے مناسب حرارت کی بھی ضرورت ہے ؟

ہاں	نہیں



سردیوں میں ہم دھوپ میں بیٹھنا کیوں پسند کرتے ہیں ؟

حرارت حاصل کرنے کے لیے	حرارت سے بچنے کے لیے

گرمیوں میں ہم مویشیوں کو درختوں کے نیچے کیوں باندھتے ہیں ؟

دھوپ سے بچانے کے لیے	گرمی سے بچانے کے لیے


سردیوں کے موسم میں مویشیوں کو کمروں کے اندر کیوں باندھا جاتا ہے ؟


سردی سے بچانے کے لیے	گرمی سے بچانے کے لیے


گرمیوں میں ہم کمروں کے اندر بیٹھنا کیوں پسند کرتے ہیں ؟

گرمی سے بچنے کے لیے	سردی سے بچنے کے لیے

روشنی اور سائے









ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور مناسب جواب لکھیں۔ پھر خود تجربہ کرکے دیکھیں اور اپنے جواب کی پڑتال کریں

1- کیا ٹارچ کی روشنی سیدھی جاتی ہے۔

ہاں	نہیں

2- موم بتی کی روشنی ربڑ کی نالی سے کیوں گزر جاتی ہے۔

3- بند کمرے میں داخل ہونے والی روشنی کی کرن سیدھی پڑ رہی ہے یا ٹیڑھی

ٹیڑھی	سیدھی

4- کیا بلب سے نکلنے والی روشنی سیدھی چلتی ہے؟


ہاں	نہیں

5- کیا مڑی ہوئی ربڑ کی نالی سے بھی موم بتی کا شعلہ نظر آئے گا تجربہ کرکے دیکھیں۔

ہاں	نہیں

روشنی کے خط مستقیم میں چلنے سے سائے بنتے ہیں۔

زمین



بچے باہر کھیتوں میں جاکر دیکھیں اور بتائیں کہ پودے اور فصلیں کیسی جگہ اُگی ہوئی ہیں ۔

پودوں کو گملوں میں لگانے سے پہلے گملوں میں کیا ڈالتے ہیں ؟

بچے مختلف جگہوں سے زمین کی مٹی لیں ۔ شیشے کے گلاس میں کچھ پانی لے کر اس مٹی کو حل کریں اور پھر میز پر رکھدیں ۔ اب گلاس میں مٹی کا مشاہدہ کریں اور بتائیں ۔

1- یہ مٹی ایک ہی قسم کی ہے یا مختلف قسم کی ؟

2- کیا اس مٹی میں ریت موجود ہے ؟

ہاں	نہیں

3- کیا اس مٹی میں حیوانی اور نباتاتی گلے سڑے مادے موجود ہیں ؟

ہاں	نہیں

مختلف جگہوں کی مٹی لیکر یہ تجربہ دہرائیں اور بتائیں کہ مٹی میں کیا کیا چیزیں موجود ہیں ۔

کیا ہر قسم کی مٹی کے ذرّے ایک جیسے ہوتے ہیں ؟ | ہاں | نہیں |

....

سکول کی گراؤنڈ کے ایک طرف کھرپے یا کسّی سے زمین کھودیں اور نیچے سے مٹی لیکر ہاتھوں سے مسلیں ۔ اگر ہو سکے تو محدب عدسہ لیکر اس مٹی کا مشاہدہ کریں اور بتائیں کہ اس مٹی میں کیا کیا چیزیں موجود ہیں ؟ ....

1 .... 2 .... 3 ....

4 .... 5 .... 6 ....

کسی بنجر جگہ جہاں کوئی فصل نہ اگ رہی ہو اور کسی زرخیز جگہ جہاں فصلیں اچھی طرح اگ رہی ہوں کی مٹی لے کر اس کا مشاہدہ کریں ان کو الگ الگ گلاسوں میں پانی ڈال کر حل کریں اور مشاہدہ کر کے بتائیں کہ اُن میں کیا فرق ہے ؟ ....

....

....

بتائیں کہ پہاڑی علاقوں میں بھی پودے ہوتے ہیں ۔ | ہاں | نہیں |

پتھریلی زمین پر مٹی کی مقدار کم ہوتی ہے یا زیادہ ؟ | کم | زیادہ |



اگر ہو سکے تو پہاڑی علاقے کی مٹی لیکر ایک شیشے کے گلاس میں پانی ڈال کر حل کریں ۔
اور اس کا مشاہدہ کر کے بتائیں کہ

کیا پہاڑی علاقے کی مٹی میں ریت ہوتی ہے ؟ ....

کیا پہاڑی علاقے میں پودے ہوتے ہیں ؟ ....


....

کونسے پہاڑوں پر پودے نہیں ہو سکتے ؟ ....

....

پہاڑی علاقوں میں مٹی کی گہرائی کم ہوتی ہے یا زیادہ ؟

کم	زیادہ



مٹی کے اجزاء

کسی کھیت یا میدان کی کچھ گہرائی سے حاصل کی گئی مٹی لیں شیشے کے ایک لمبے سلنڈر میں ایک تہائی مٹی ڈالیں اور باقی حصہ پانی سے بھر دیں ۔ سلنڈر کے منہ پر ہاتھ رکھ کر اچھی طرح ہلائیں تاکہ مٹی اور پانی اچھی طرح مل جائیں سلنڈر کو دو تین گھنٹے کے لیے میز پر رکھدیں اور مشاہدہ کرکے بتائیں کہ

1- کیا مٹی کی مختلف تہیں بن گئی ہیں ؟ | ہاں | نہیں |

2- کیا پانی کی سطح پر کوئی چیز تیر رہی ہے ؟ | ہاں | نہیں |

3- سب سے اوپر والی تہہ کیسی ہے ؟ ....

4- کیا ریت کی تہہ بھی بنی ہے ؟ ....

5- ریت کی تہہ کس کے بعد ہے ؟ ....

6- ریت کی تہہ کے نیچے کون سی چیز ہے ؟ ....

7- سب سے نیچے کونسی چیزیں ہیں ؟ ....

کسی اور جگہ سے مٹی لیکر اسی طرح سلنڈر میں ڈالیں اور پانی ڈال کر حل کریں اور اس کا مشاہدہ کریں ۔

مٹی میں موجود کون کونسی چیزیں آپ نے معلوم کی ہیں ۔

زرخیز اور بنجر زمین کی مٹی کا مشاہدہ کریں اور بتائیں کہ

اُن کے اجزاء میں کیا فرق ہے ؟ ....

....

....

بنجر زمین کی مٹی میں کونسی چیز زیادہ ہوتی ہے ؟ ....


....

زرخیز زمین کی مٹی میں کونسی چیز زیادہ ہوتی ہے ؟ ....

....

زمین میں پتھر کے ٹکڑے، ریت، چکنی مٹی اور گلے سڑے مادے پائے جاتے ہیں۔

چٹانیں



کسی پہاڑی علاقے ۔ دریا یا نالے سے مختلف پتھر اکٹھے کر کے سکول میں لاکر سجائیں اور ان کا مشاہدہ کر کے بتائیں کہ

1- کیا سارے پتھر ایک جیسی شکل کے ہیں ؟ ....

2- کیا سارے پتھر ایک جتنے بڑے ہیں ؟ ....

کیا سارے پتھر ایک رنگ کے ہیں

3- دو مختلف پتھر لے کر اُن کو فرش پر رگڑیں اور بتائیں کہ کیا وہ ایک جیسے گِھستے ہیں ؟

....


4- آپ اس سے کیا نتیجہ اخذ کرتے ہیں ؟ ....

5- کیا نرم پتھر رگڑنے سے زیادہ گِھسے گا یا سخت پتھر ؟ ....

....

6- آپ کی سلیٹ پر لکھنے والی سلیٹی نرم پتھر سے بنی ہے یا سخت پتھر سے ؟

....



کسی زیر تعمیر مکان پر جا کر بجری اور پتھروں کا مشاہدہ کریں ۔ اور بتائیں ۔

1- کیا ان سب کا رنگ ایک جیسا ہے ؟ ______

2- کیا بجری کے سارے پتھر ایک جیسے ہیں ؟ ______

3- کیا بجری کے سارے پتھر ایک جیسے بڑے ہیں ؟ ______

4- دریا سے پتھر لا کر اکٹھے کریں اور بتائیں کہ دریا والے پتھر اور عام پتھروں میں کیا فرق ہے ؟

______



1- کیا پتھر سختی کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں ؟ ______________________

____

2- کیا پتھر رنگ کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں ؟ ______________________

3- کیا پتھر شکلوں کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں ؟ ______________________

____

4- کیا تمام چٹانیں سخت ہوتی ہیں ؟ ______________________

____

5- کیا تمام چٹانیں جسامت میں برابر ہوتی ہیں ؟ ______________________

____

6- عمارتوں پر لگانے والا سفید پتھر اور بجری کے پتھر کو باری باری سخت جگہ پر رگڑیں اور بتائیں کہ کونسا پتھر نرم اور کونسا پتھر سخت ہے ۔

نرم پتھر ....

سخت پتھر ....

پتھر رنگ، شکل اور سختی کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔

چاند



آپ رات کو چاند اکثر دیکھتے ہیں ۔ آج رات کو یا چودھویں رات کے چاند کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ

1- کیا چاند کی تمام سطح ایک جیسی روشن ہے ؟ ________________

2- کیا چاند کی سطح پر کم روشن حصے یا دھبے بھی ہیں ؟ ________________

3- چاند کی سطح پر یہ دھبے کیا ظاہر کرتے ہیں

پہاڑ	زمین	گڑھے

4- چاند کی مختلف اشکال بنائیں ۔

ا ۔ پہلی یا دوسری تاریخ کا چاند (ب) سات تاریخ کا چاند

ج ۔ چودھویں تاریخ کا چاند (د) ستائیسویں تاریخ کا چاند

چاند کی سطح پر میدان- پہاڑ اور دراڑیں پائی جاتی ہیں

سورج





آپ نے سورج کا روزمرہ زندگی میں مشاہدہ کیا ہے ۔ آپ اطراف یعنی شمال ، جنوب ، مشرق اور مغرب سے بھی واقف ہیں ۔ اب ذرا سوچ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں ۔

1- سورج کس **طرف** سے طلوع ہوتا ہے ؟ ________________

2- دوپہر کے وقت سورج آسمان پر کہاں ہوتا ہے ؟ ________________

____

3- ہمارے سائے کس وقت بڑے ہوتے ہیں ؟

صبح کے وقت	دوپہر کے وقت

4- ہمارے سائے کس وقت چھوٹے ہوتے ہیں ؟

دوپہر کے وقت	شام کے وقت

5- شام کو سورج کس طرف ہوتا ہے ؟

مشرق	مغرب

6- سورج آسمان پر کس طرف سے کس طرف کو حرکت کرتا ہے ۔

مشرق سے مغرب
مغرب سے مشرق

7- اپنی کلاس میں ہاتھ کے اشارے سے بتائیں کہ سورج کس طرف سے طلوع ہوتا ہے ؟

____

8- ہاتھ کے اشارے سے بتائیں کہ سورج کس طرف جا کر غروب ہوتا ہے ؟

9- ہاتھ کے اشارے سے بتائیں کہ سورج آسمان پر کس طرف سے کس طرف کو حرکت کرتا ہے ۔

10- سورج کس طرف غروب ہوتا ہے ؟

11- شام کے وقت ہمارے سائے چھوٹے ہوتے ہیں یا بڑے ؟





بچو آپ نے چودھویں رات کا چاند طلوع ہوتے دیکھا ہو گا ۔ اب سوچ کر بتائیں کہ

1- چاند کس طرف سے طلوع ہوتا ہے ؟..........................

2- چاند طلوع ہونے کے بعد کیا اسی جگہ رہتا ہے یا حرکت کرتا ہے ؟..........................

3- چاند آسمان پر کس طرف کو حرکت کرتا ہے ؟ ______

4- سورج غروب ہونے کے بعد چودہویں رات کا چاند آسمان پر کس طرف ہوتا ہے ؟

______

5- چودہویں رات کا چاند صبح صادق کے وقت کس طرف غروب ہوتا ہے ؟

______

6- پہلی یا دوسری تاریخ کا چاند کس طرف نظر آتا ہے ؟ ______

7- تھوڑی دیر کے بعد یہ چاند کہاں چلا جاتا ہے ؟ ______

8- کیا چاند کے ساتھ ستارے بھی اپنی جگہ بدلتے ہیں ؟ ______

9- ستارے کس طرف سے کس طرف کو حرکت کرتے دکھائی دیتے ہیں ۔

______

10- کیا سورج ، چاند اور ستارے ایک ہی طرف جا کر غروب ہوتے ہیں ؟ ______

11- سورج ، چاند اور ستارے کس طرف جا کر غروب ہوتے ہیں ؟ ______

12- رات کے وقت ستاروں کو غور سے دیکھیں اور آسمان پر ان کی جگہ دیکھ کر کچھ دیر کے بعد دوبارہ جائزہ لیں اور بتائیں کہ کیا وہ حرکت کرتے ہیں ؟

13- ستارے کس طرف سے کس طرف کو حرکت کرتے ہیں ؟ ______

______

سورج، چاند اور ستارے مشرق سے طلوع ہوتے ہیں اور مغرب میں غروب ہوتے ہیں

جملہ حقوق بحق پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور محفوظ ہیں۔ منظور کردہ وفاقی وزارتِ تعلیم (شعبہ نصاب سازی) حکومت پاکستان، اسلام آباد۔ اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپر، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد کشورِ حسین شاد باد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد
پاک سرزمین کا نظام قوتِ اُخوتِ عوام
قوم، مُلک، سلطنت پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد
پرچم ستارہ و ہلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذوالجلال



تاریخ اشاعت	ایڈیشن	طباعت	تعداد اشاعت	قیمت
اپریل 1999	اول	ہفتم	16,000	12.90